مُسلمان بچّوں کے صُبح و شام

1

فجر سے صبح تک



دار السلام
DARUSSALAM

بسم اللہ الرحمن الرحیم

معزز قارئین توجہ فرمائیں!

کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ....

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد اپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

☆ تنبیه ☆

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یامادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی وشرعی جرم ہے۔

﴿اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں﴾

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔


kitabosunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

مُسلمان بچّوں کے صُبح وشام

1

فجر سے صبح تک



دارالسلام
DARUSSALAM

ⓒ مكتبة دارالسلام، ١٤٢٤ هـ
فهرسة مكتبة الملك فهد الوطنية أثناء النشر
مكتبة دارالسلام
من الفجر الى الصباح. / مكتبة دارالسلام. - الرياض، ١٤٢٤هـ
١٦ ص، ٢٤×١٧ سم
ردمك: ٩-٨٩-٨٩٧-٩٩٦٠
(النص باللغة الاردية)
١- الآداب الاسلامية أ- العنوان
ديوي: ٢١٢٬٢ ١٤٢٤/٦٩٦٠

رقم الإيداع: ١٤٢٤/٦٩٦٠
ردمك: ٩-٨٦-٨٩٧-٩٩٦٠

نام کتاب : فجر سے صبح تک (مسلمان بچوں کے لیے [illegible] ①) مصنف : ڈاکٹر محمد افتخار کھوکھر
منتظم اعلیٰ : عبدالمالک مجاہد
مجلس انتظامیہ : حافظ عبدالعظیم اسد (مدیر دارالسلام لاہور) محمد طارق شاہد (انچارج شعبہ ادب الاطفال دارالسلام)
مجلس ادارت : ڈاکٹر محمد افتخار کھوکھر اشتیاق احمد عرفان جمیل
اشفاق احمد میاں محمد امین شاکر قاری طارق جاوید
ڈیزائننگ اینڈ السٹریشن :
زاہد سلیم چودھری (آرٹ ڈائریکٹر) محمد اویس، ضیاء الرحمن فرمان ازل احمد محمود
خطاطی : اکرام الحق
اشاعت اول : جنوری 2004

ہیڈ آفس (سعودی عرب)
پوسٹ بکس: 22743 الریاض: 11416 سعودی عرب
فون: 4043432-4033962 00966 1 فیکس: 4021659
E-mail: darussalam@awalnet.net.sa
Website: www.dar-us-salam.com

پاکستان
ہیڈ آفس و مرکزی شوروم
❶ 36- لوئر مال، سیکرٹریٹ سٹاپ، لاہور
فون: 7110081-7111023-7232400-7240024 42 0092
فیکس: 7354072 E-mail: darussalampk@hotmail.com
❷ غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور فون: 7120054 فیکس: 7320703
❸ 28 [illegible] اقبال ٹاؤن لاہور فون: 7846714



راشد بیٹا

اُٹھو! نمازِ فجر کا وقت ہو گیا ہے۔

امّی جان نے کہا۔



امّی جان

نماز میں تو ابھی وقت ہے۔

تھوڑی دیر میں اُٹھتا ہوں۔

راشد نے کہا۔



بیٹا، جلدی اُٹھو!

مسجد جاؤ! جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنے میں بہت کم وقت رہ گیا ہے۔

امّی جان نے کہا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَحْیَانَا بَعْدَ



اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ

(ہر قسم کی تعریف اللہ ہی کے لیے ہے، جس نے ہمیں مارنے کے بعد زندہ کیا اور ہمیں اُسی کی طرف اٹھ کر جانا ہے۔)

راشد نے بستر سے اُٹھتے ہوئے جاگنے کی دعا پڑھی۔

مَا اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ



آمنہ بیٹی
تم بھی نماز کے لیے اُٹھو!
راشد مسجد جانے کی تیاری کر رہا ہے
امّی جان نے کہا۔



اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ

(اے اللہ! میں تیری پناہ پکڑتا ہوں نر اور مادہ ناپاک جنوں کے شر سے)

راشد نے بیت الخلا میں داخل ہوتے ہوئے دعا پڑھی

اور نکلتے ہوئے یہ کہا۔ غُفْرَانَكَ

(اے اللہ! میں تیری بخشش چاہتا ہوں)

آمنہ نے وضو شروع کرتے ہوئے پڑھا۔ بسم اللہ



راشد بیٹا

وضو کے بعد کون سی دعا پڑھتے ہیں؟ ابا جان نے پوچھا۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ


(میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالٰی کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، وہ اکیلا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ، اللہ کے بندے اور رسول ہیں)

راشد نے بتایا۔

راشد بیٹا

جلدی کرو! نماز کا وقت ہو گیا ہے۔

ابّا جان نے کہا۔



ابا جان، مسجد ہمارے گھر سے بہت دور ہے۔

میں تو تھک جاتا ہوں۔

راشد بیٹا

پیارے نبی ﷺ کا فرمان ہے کہ مسجد جانے کے لیے ہر قدم پر ثواب ملتا ہے۔ جتنے قدم زیادہ چلو گے اتنا زیادہ ثواب ملے گا۔

ابا جان نے بتایا۔



ابّا جان

یہ تو بہت اچھی بات ہے۔

اب میں نماز میں کبھی سستی نہیں کروں گا

اور شوق سے مسجد آیا کروں گا۔

راشد نے کہا۔

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

راشد نے مسجد میں داخل ہونے کی دعا پڑھتے ہوئے کہا۔

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

(اے اللہ! میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے)

اَللّٰھُمَّ
اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ

راشد نے مسجد سے نکلتے ہوئے کہا۔

ابّا جان!

مسجد سے نکلنے کی دعا بتا دیں تا کہ میں اُسے یاد کرلوں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ

(اے اللہ! یقیناً میں تجھ سے تیرا فضل مانگتا ہوں۔)

ابّا جان نے بتایا۔



ابا جان

یہ چڑیاں، صبح ہی صبح شور کیوں مچا رہی ہیں؟

راشد نے پوچھا۔

بیٹا، جس طرح ہم مسجد میں اللہ تعالیٰ کی عبادت اور حمد وثنا بیان کر کے آ رہے ہیں۔ اسی طرح چڑیاں اور دوسرے تمام جاندار بھی اللہ تعالیٰ کی حمد کرتے ہیں۔

ابا جان نے بتایا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُكَ خَیْرَ الْمَوْلِجِ
وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ، بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا
وَبِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا، وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا
تَوَکَّلْنَا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُكَ خَیْرَ الْمَوْلِجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ، بِسْمِ اللّٰہِ
وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا، وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا


(اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں گھر میں داخل ہونے اور گھر سے نکلنے کی بہتری کا، اللہ کے نام کے ساتھ ہم (گھر میں) داخل ہوئے اور اللہ ہی کے نام کے ساتھ ہم نکلے، اور اپنے رب پر ہی ہم نے توکل کیا)

ابّا جان نے گھر میں داخل ہونے کی دعا پڑھتے ہوئے کہا۔


راشد بیٹا، آمنہ کتنی اچھی بچی ہے۔ ہمارے گھر آنے تک وہ بھی اپنی امّی کے ساتھ نماز پڑھ کر فارغ ہوگئی ہے۔


مُسلمان بچّوں کے صُبح وشام کیسے ہونے چاہئیں......

چھ حصّوں پر مشتمل خوبصورت سلسلہ













دار السّلام
کتاب وسنّت کی اشاعت کا عالمی ادارہ
ریاض • جدہ • شارجہ • لاہور
لندن • ہیوسٹن • نیویارک

ISBN: 9960-897-86-9
9 789960 897868